## ملک کی تمام نسلی ولسانی وثقافتی اور مذہبی اکائیوں کوانکے جائز حقوق دیے بغیر قیام پاکستان کے اصل مقاصد حاصل نہیں ہوسکتے۔الطاف حسین

## قیام پاکستان کاثمر صرف مراعات یافتہ طبقے کے جاگیرداروں، وڈیروں اور سرداروں کوحاصل ہوا جبکہ غریب ومظلوم عوام آج بھی ظلم وجبر اور ناانصافیوں کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہیں

## نسلی ولسانی اکائیوں کے ساتھ مسلسل ناانصافیوں اور امتیازی سلوک کے باعث ایک قوم کا تصور پروان نہیں چڑھ سکا

## پاکستان کومضبوط ومستحکم کرنے کیلئے ضروری ہے کہ ملک میں آباد تمام نسلی ولسانی وثقافتی اکائیوں کے ساتھ مساوی سلوک کیا جائے، مذہبی اقلیتوں کوبھی برابر کا پاکستانی سمجھا جائے۔65ویں یوم آزادی پر پیغام

## ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کی جانب سے تمام اہل وطن کو پاکستان کے 65ویں یوم آزادی کی مبارکباد

لندن۔۔۔13 اگست2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں آباد تمام اہل وطن کو پاکستان کے 65ویں یوم آزادی کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کی تمام نسلی ولسانی وثقافتی اور مذہبی اکائیوں کوانکے جائز حقوق دیے بغیر قیام پاکستان کے اصل مقاصد حاصل نہیں ہوسکتے۔یوم آزادی پر اپنے پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کوقائم ہوئے آج 65 سال ہوگئے ہیں لیکن یہ امر افسوسناک ہے کہ قیام پاکستان کاثمر صرف مراعات یافتہ طبقے کے جاگیرداروں، وڈیروں اور سرداروں کوحاصل ہوا جبکہ پاکستان کے غریب ومظلوم عوام آج بھی ظلم وجبر اور ناانصافیوں کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہیں اور اپنے جائز حقوق سے محروم ہیں۔نسلی ولسانی اکائیوں کے ساتھ مسلسل ناانصافیوں اور امتیازی سلوک کے باعث ایک پاکستانی قوم کا تصور پروان نہیں چڑھ سکا۔بانیء پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے تمام مذاہب کے ماننے والے پاکستانیوں کومکمل مذہبی آزادی اور انہیں برابر کے حقوق دینے کا اعلان کیا تھا لیکن افسوس کہ غیر مسلم پاکستانیوں کے ساتھ مساوی سلوک نہیں کیا گیا اور آج پاکستان میں آباد مذہبی اقلیتوں میں عدم تحفظ کا احساس شدت اختیار کرتا جارہا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کومضبوط ومستحکم کرنے کیلئے ضروری ہے کہ ملک میں آباد تمام نسلی ولسانی وثقافتی اکائیوں کے ساتھ مساوی سلوک کیا جائے، مذہبی اقلیتوں کوبھی برابر کا پاکستانی سمجھا جائے، ان کی جان ومال اور عبادت گاہوں کا تحفظ کیا جائے، کسی بھی پاکستانی کے ساتھ کسی بھی بنیاد پر کوئی امتیاز نہ برتا جائے اور انصاف ومساوات کا نظام قائم کیا جائے۔اسی صورت میں پاکستان نہ صرف مضبوط ومستحکم ہوسکتا ہے بلکہ ملک میں ایک قوم کا تصور بھی پروان چڑھ سکتا ہے۔انہوں نے تمام پاکستانیوں سے کہا کہ وہ پاکستان کوحقیقی معنوں میں آزاد کرانے اور اسے بانیء پاکستان کے خوابوں کے مطابق بنانے کیلئے جدوجہد کریں۔

## ممتاز عالمی ایٹمی سائنسدان ڈاکٹر عبدالقدیر کا جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات

## جناب الطاف حسین کراچی سمیت ملک کے دیگر ایشوز پر آواز اٹھاتے ہیں لیکن حکمران کان نہیں دھرتی، ڈاکٹر قدیر خان

## کراچی کا مینڈیٹ ایم کیوایم کے پاس ہے لہٰذا امن وامان کے حوالے سے ایم کیوایم اپنا کردار ادا کرتی رہی گی، ڈاکٹر فاروق ستار

کراچی:۔۔۔12،اگست2012ء

ممتاز اور عالمی ایٹمی سائنسدان ڈاکٹر عبدالقدیر نے اتوار کے روز ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیرز ڈاکٹر فاروق ستار اور محترمہ نسرین جلیل سے ملاقات کی۔ملاقات میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال، بالخصوص کراچی کی صورتحال سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا یہ ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں تقریباً ایک گھنٹے سے زائد جاری رہی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین طارق میر، شعیب بخاری، کنور خالد یونس، رضا ہارون، ڈاکٹر صغیر احمد، کنور نوید جمیل، حق پرست وفاقی وزیر وسینیٹر بابر خان غوری، قومی اسمبلی میں حق پرست گروپ کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر عباس رضوی، حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی، رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ بھی موجود تھے۔ڈاکٹر عبدالقدیر خان نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین کراچی سمیت ملک کے دیگر ایشوز پر آواز اٹھاتے ہیں لیکن حکمران کان نہیں دھرتی۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ کراچی کا مینڈیٹ ایم کیوایم کے پاس ہے لہٰذا امن وامان کے حوالے سے ایم کیوایم اپنا کردار ادا کرتی رہی گی۔قبل ازیں ڈاکٹر عبدالقدیر خان جب ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پہنچے تو ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیرز واراکین رابطہ کمیٹی نے ان کا استقبال کیا اور ان کا نائن زیرو آمد پر شکریہ ادا کیا۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی ممتاز ایٹمی سائنسداں ڈاکٹر عبدالقدیر خان سے فون پر گفتگو، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے سالانہ امدادی پروگرام میں شرکت پر شکریہ ادا کیا

## ڈاکٹر عبدالقدیر پاکستان کا ایک عظیم سرمایہ ہیں۔ الطاف حسین

## ڈاکٹر عبدالقدیر نے ایم کیوایم کی فلاحی سرگرمیوں کی تعریف کی اور غریب و مستحقین میں امداد کو نہایت مثبت قرار دیا، ڈاکٹر قدیر نے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے SUN کے تحت کراچی میں قائم ہونے والی نذیر حسین یونیورسٹی اور طالبعلموں میں علم کے فروغ کیلئے بھی اپنی خدمات پیش کیں

لندن۔۔۔13، اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان کے ممتاز ایٹمی سائنسداں ڈاکٹر عبدالقدیر خان کو فون کر کے گزشتہ روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے سالانہ امدادی پروگرام میں شرکت پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ جناب الطاف حسین نے ملک کیلئے ڈاکٹر عبدالقدیر کی خدمات کو سراہا اور انہیں پاکستان کا ایک عظیم سرمایہ قرار دیا۔ ڈاکٹر عبدالقدیر نے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کی تعریف کی اور غریب و مستحقین میں امداد کو نہایت مثبت قرار دیا۔ ڈاکٹر قدیر نے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے SUN کے تحت کراچی میں قائم ہونے والی نذیر حسین یونیورسٹی کی بھی تعریف کی اور نذیر حسین یونیورسٹی اور طالبعلموں میں علم کے فروغ کیلئے بھی اپنی خدمات پیش کیں۔ جناب الطاف حسین نے نذیر حسین یونیورسٹی کیلئے خدمات پیش کرنے پر بھی ڈاکٹر قدیر کا شکریہ ادا کیا۔

## پاکستان طاقتور جب ہی ہوگا جب مزدور بااختیار ہوگا، ڈپٹی اقبال محمد علی

## حق پرست رکن قومی اسمبلی کی خورشید بیگم میموریل سیکریٹریٹ عزیز آباد میں اسٹیل مل کے وفد سے ملاقات

کراچی۔۔۔13 اگست 2012ء

اسٹیل مل یونٹ کے ایک وفد نے خورشید بیگم میموریل سیکریٹریٹ عزیز آباد میں حق پرست رکن قومی اسمبلی اور چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی برائے پروڈکشن اقبال محمد علی سے ملاقات کی۔ وفد نے ملاقات میں ادارے میں انتظامی بے ضابطگیوں، مزدوروں کے ساتھ ہونے والے ناانصافیوں کی صورتحال سے تفصیل سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم لیبر ڈویژن انچارج کاظم رضا بھی موجود تھے۔ ملاقات میں لیبر ڈویژن اسٹیل مل یونٹ کے انچارج محمد طاہر اور جوائنٹ انچارج محمد مجید منصوری نے ماہ جون اور جولائی کی تنخواؤں کی ادائیگی میں حق پرست رکن قومی اسمبلی کی جانب سے عملی کوششوں کو سراہا اور اسٹیل مل کے تمام محنت کشوں کی جانب سے انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا۔۔ وفد نے اقبال محمد علی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملازمت پیشہ افراد کی گزر بسر کا واحد ذریعہ ان کی تنخواہ پر ہوتا ہے اگر تنخواہوں کی ادائیگی میں تعطل ہو تو ملازمت پیشہ افراد شدید مالی بحران کا شکار ہوجاتے ہیں۔ اقبال محمد علی نے سٹیل مل یونٹ کے وفد کو تنخواہوں کی ادائیگی پر مبارکباد پیش کی اور ایم کیوایم کی جانب سے مزید تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم نے ہمیشہ مزدوروں کے حقوق کے لئے آواز بلند کی ہے چاہیے ان کا تعلق کسی بھی مذہب یا کسی بھی زبان سے کیوں نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان طاقتور جب ہی ہوگا جب مزدور بااختیار ہوگا اور انہیں جائز حقوق میسر ہوں۔

## 65ویں جشن آزادی کے موقع پر ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر قومی پرچم لہرایا جائے گا

## نائن زیرو، ایم پی اے ہاسٹل، خورشید بیگم سیکریٹریٹ کو برقی قمقموں سے سجادیا گیا

## 14، اگست کی صبح ایم کیوایم کے زونل، سیکٹرز اور یونٹس دفاتر میں بھی پرچم کشائی کی تقریبات منعقد ہوں گی

کراچی۔۔۔13، اگست 2012ء

ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر 66ویں جشن آزادی کے موقع پر 14، اگست منگل کی صبح قومی پرچم لہرایا جائے گا اور ملک وقوم کی سلامتی کے علاوہ اندرونی و بیرونی خطرات سے بچاؤ کیلئے خصوصی دعا کی جائے گی۔ جشن آزادی کے سلسلے میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد، ایم پی اے ہاسٹل، خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد اور اطراف کی گلیوں کو برقی قمقموں سے سجادیا گیا جبکہ جشن آزادی کے سلسلے میں 14، اگست کی صبح ایم کیوایم کے زونل، سیکٹرز اور یونٹس دفاتر کے تحت بھی پرچم لہرایا جانے کی تقریبات منعقد ہوں گی۔ نائن زیرو پر منعقدہ مرکزی پرچم لہرانے کی تقریب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز، اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست ارکان قومی اسمبلی، حق پرست وزراء، ارکان صوبائی اسمبلی اور نائن زیرو کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران و اراکین بھی شرکت کریں گے۔

## ایم کیوایم شعبہ اقلیتی امور کے زیر اہتمام یوسی 10 لیاقت آباد میں ملکی حالات کے پیش نظر اہم میٹنگ کا انعقاد

کراچی:۔۔۔13،اگست،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ اقلیتی امور کے زیر اہتمام یوسی 10 لیاقت آباد ٹاؤن میں موجودہ ملکی حالات کے پیش نظر میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں علاقائی چرچیز سے تعلق رکھنے والے پاسٹر صاحبان، مختلف NGOs کے عہدیداران اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر شعبہ اقلیتی امور کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اور حق پرست رکن صوبائی اسمبلی رشید خان اور ارکان کمیٹی شوکت سردار اور انتھونی سموئیل نے شرکاء سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان وقت کے انتہائی سنگین حالات سے دوچار ہے، عوام میں شدید بے یقینی اور مایوسی کی کیفیت چھائی ہوئی ہے، ملک کی سرحدوں پر مستقل خطرات منڈلا رہے ہیں اور حالات کے اس بگاڑ کو اگر کسی نے محسوس کیا ہے تو وہ صرف قائد تحریک جناب الطاف حسین ہیں جنہوں نے بگڑتے ہوئے حالات کے پیش نظر ملک وقوم کو فوری طور پر آگاہ کرنا مناسب سمجھا۔انہی باتوں کے پیش نظر ایم کیوایم کے وفود اپنے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر پاکستان کی تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کی لیڈرشپ اور رہنماؤں سے ملاقاتوں میں مصروف ہیں تاکہ ملک کو درپیش بحرانوں اور چیلنجز سے نکالنے کیلئے باہمی بھائی چارے اور عمل واشتراک کے تحت اتحاد واتفاق قائم کیا جائے۔انہی باتوں کا درس ہمیں ہماری مقدس کتابیں دیتی ہیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین بھی انسانیت کا درس دینے میں مصروف ہیں۔اس موقع پر لیاقت آباد ٹاؤن ورکنگ کمیٹی اور یوسی کے ذمہ داران وکارکنان کثیر تعداد میں موجود تھے۔

## ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت رمضان المبارک کے آخری عشرے میں مستحقین میں امدادی سامان کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے
## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر پر آج بھی مستحقین کا ہجوم دکھائی دیا

کراچی:۔۔۔13،اگست،2012ء

ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام رمضان المبارک کے آخری عشرے میں غرباء، مساکین، بیواؤں، یتیموں اور مستحقین میں امدادی سامان کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے۔تفصیلات کے مطابق خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت گزشتہ روز جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں سالانہ امدادی پروگرام منعقد ہوا جس میں ہزاروں مستحقین میں کروڑوں روپے مالیت کی امدادی اشیاء اور نقد رقوم تقسیم کی گئیں تاہم کے کے ایف کی جانب سے موصول شدہ درخواستوں پر جاری کئے جانے والے ٹوکن کے علاوہ بھی سینکڑوں مستحقین امدادی پروگرام میں موجود تھے جنہیں وہاں سے رخصت کرنے کے بجائے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا سے امداد وصول کرنے کے ٹوکن جاری کئے گئے تھے۔اس سلسلے میں آج صبح سے ہی خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر پر مستحقین کا زبردست ہجوم دکھائی دیا جن میں مرد اور خواتین کے علاوہ بچوں کی بھی ایک بڑی تعداد شامل تھی۔اس موقع پر مستحقین میں لاکھوں روپے مالیت پر مشتمل سلائی مشینیں، ٹھیلے، پنکھے، زنانہ ومردانہ ملبوسات اور راشن کے پیکٹ سمیت دیگر امدادی اشیاء تقسیم کی گئیں۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں سے مستفید ہونے والے مستحقین نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے مستحقین کیلئے یہ خوبصورت پنڈال سجایا ہے اور انہوں نے ہمیں عید کی خوشیوں میں شریک کیا ہے جس پر ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں میں مزید اضافہ فرمائے تاکہ دکھی انسانیت کی خدمت کا دائرہ مزید وسیع ہوسکے۔اس موقع پر مستحقین نے امدادی سامان کی فراہمی پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے فلاحی کاموں کی وسعت میں اضافے کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## پاکستان کے 65ویں یوم آزادی کے موقع پر ایم کیوایم پنجاب ہاؤس لاہور میں پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد
## تقریب سے اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست رکن قومی اسمبلی، اراکین لاہور زونل کمیٹی ودیگر ذمہ داران شرکت کریں گے

لاہور۔۔۔۔۔13اگست2012ء

پاکستان کے 65ویں یوم آزادی کے موقع پر ایم کیوایم پنجاب ہاؤس لاہور میں پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد کیا جارہا ہے جس میں ایم کیوایم کی اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست رکن قومی اسمبلی، اراکین لاہور زونل کمیٹی ودیگر ذمہ داران شرکت کریں گے۔ایم کیوایم پنجاب ہاؤس میں پرچم کشائی کے بعد پاکستان کی بقاء وسلامتی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اور درازی عمر کے لیے دعا بھی کی جائے گی۔ایم کیوایم پنجاب ہاؤس لاہور کو پاکستان اور ایم کیوایم کے پرچموں اور برقی قمقموں سے سجادیا گیا ہے۔جشن آزادی کے موقع پر پنجاب سمیت پاکستان بھر میں ایم کیوایم کے تمام دفاتر میں چراغاں کیا جائے گا۔

## وقت وحالات کا تقاضہ ہے کہ ہم سب کومل کرملک کی بقاء وسالمیت کولاحق اندرونی وبیرونی خطرات سے نمٹنے کیلئے قائدتحریک جناب الطاف حسین پاکستان کی تعمیروترقی اورعوام کی خوشحالی چاہتے ہیں، ایم کیوایم حیدرآباد زونل کمیٹی

حیدرآباد۔۔۔13اگست2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے اراکین زونل کمیٹی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ وقت وحالات کا تقاضہ ہے کہ ہم سب کوملکر ملک کی بقاء وسالمیت کولاحق اندرونی و بیرونی خطرات سے نمٹنے کیلئے اور پاکستان کوترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ پرعمل پیرا ہونا ہوگا۔انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کے واحد لیڈر جنہوں نے پاکستان کی بقاء وسلامتی کولاحق خطرات کے متعلق قبل از وقت عوام کوآگاہی فراہم کی اور تمام محبّ وطن سیاسی و مذہبی جماعتوں کو پیغام دیا کہ وہ آپس کے اختلافات ختم کر کے گول میز کانفرس میں شریک ہوں۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین پاکستان کی تعمیروترقی اورعوام کی خوشحالی چاہتے ہیں اور ملک میں بسنے والے تمام رنگ ونسل اور مذاہب کے لوگوں کو مساوی حقوق حاصل دلوانا چاہتے ہیں تاکہ غریب ومتوسط طبقے کے مظلوم عوام کی احساس محرومی کو دور کیا جا ئے جس سے ملک مضبوط ہوگا اور غریب عوام کی حالت تبدیل ہو جائیگی۔انہوں نے کہا کہ آج ملک بھر کے مظلوم عوام قائدتحریک جناب الطاف حسین کو اپنا مسیحا مانتے ہیں، ایم کیو ایم 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے مظلوم عوام کی جماعت ہے جو اس ملک سے غربت، بےروزگاری، مہنگائی اور دہشت گردی سے نجات دلاسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک نازک دور سے گزر رہا ہے ایسے وقت میں قائدتحریک جناب الطاف حسین ملک وقوم کو ان سنگین صورتحال سے نکال سکتے ہیں جس کیلئے ہمیں ان کے ہاتھ مضبوط کرنے ہونگے اور وہ دن دور نہیں جب ملک کے خلاف سازشیں کرنے والوں کی تمام سازشیں ناکام ہوجائینگی۔

## فنکار معاشرے میں مثبت تبدیلیوں کیلئے راہ ہموار کرتے ہیں انکا کردار نسل نو کیلئے تربیت گاہ کے مترادف ہے، سید وسیم حسین حیدرآباد فنکار ایکشن کمیٹی کے زیراہتمام مہرآن آرٹس کونسل لطیف آباد میں منعقد ہونے والی عشائیہ کی تقریب سے خطاب

حیدرآباد:۔۔۔13اگست2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن صوبائی اسمبلی سید وسیم حسین نے حیدرآباد فنکار ایکشن کمیٹی کے زیراہتمام مہرآن آرٹس کونسل لطیف آباد میں منعقدہ عشائیہ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فنکار معاشرے میں مثبت تبدیلیوں کیلئے راہ ہموار کرتے ہیں انکا کردار نسل نو کی تربیت کیلئے ہے۔انہوں مزید کہا کہ ایم کیوایم نے ہمیشہ حق پرست عوام کے ساتھ ساتھ فنکاروں کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات کیے ہیں اور حق پرست نمائندے ہروقت عوامی مسائل کے حل کیلئے عوام کے درمیان موجود ہوتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام کی مسائل کی اصل وجہ ملک پر قابض 2 فیصد مراعات یافتہ طبقہ اور موروثی سیاست ہے جو حق دار کو اسکے حق سے محروم رکھنے اور اپنے ذاتی مفاد حاصل کرنے میں مصروف ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد سیاسی جماعت ہے جو 2 فیصد مراعات یافتہ طبقے کی جماعت نہیں بلکہ 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کی جماعت ہے جو عوامی خدمت میں کوشاں ہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پرعمل کرتے ہوئے ایم کیوایم بلاتفریق ہر رنگ ونسل اور تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد کی خدمت میں مصروف عمل ہے۔انہوں نے کہا کہ فنکار اپنے  ڈراموں کے ذریعے ملک وقوم کے مسائل اجاگر کرتے ہیں جو قابل ستائش عمل ہے اور ایم کیوایم معاشرے سے منفی سرگرمیوں کے خاتمہ اور مثبت سرگرمیوں کے فروغ میں آپ کے ساتھ ہے۔

## ایم کیوایم ملتان زون کے تحت جشن آزادی کی تقریب ایم کیوایم ملتان ہاؤس میں منعقد ہوگی پرچم کشائی زونل انچارج ملتان کریں گے

ملتان:۔۔۔13،اگست2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ملک بھر میں ایم کیوایم کے تمام دفاتر میں جشن آزادی پاکستان کی تقاریب پروقار انداز میں منائی جائیں گیں۔ جنوبی پنجاب کے 13 اضلاع پر مشتمل ملتان زون کی مرکزی تقریب ایم کیوایم ملتان ہاؤس حسن پروانہ کالونی ملتان میں آج صبح 8 بجے منعقد ہوگی جہاں زونل انچارج رائے خالد محمود زونل کمیٹی کے اراکین کے ہمراہ پرچم کشائی کریں گے اِس موقع پر ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات خدمتِ خلق فاؤنڈیشن، متحدہ لائرز فورم، متحدہ سوشل فورم، اے پی ایم ایس او و شعبہ خواتین ملتان زون سمیت ڈسٹرکٹ ملتان، وٹاؤن کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان کثیر تعداد میں شریک ہونگے پرچم کشائی کے موقع پر اجتماعی دعائیہ تقریب بھی ہوگی جس میں ملک وقوم کی بقاء وسلامتی اور عالمِ اسلام کی خیر وعافیت کیلئے خصوصی دعائیں کی جائیں گی

## ملک میں وڈیرانہ، جاگیردارنہ اور کرپٹ موروثی سیاسی سسٹم کو فروغ دے کر اس ملک کے غریب اور مظلوم عوام کا استحصال کیئے رکھا، ڈاکٹر فاروق ستار

## ملک دشمن عناصر ملک کے سلامتی و بقاء کے درپے ہیں اور مختلف سازشوں کے ذریعے ملک کی سلامتی کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں، یوسف شاہوانی

## سیاسی، سماجی، شخصیات، تاجر تنظیموں کے نمائندگان، دانشوروں، الیکٹرونک و پرنٹ میڈیا سے تعلق رکھنے والے صحافیوں کے اعزاز میں میرپورخاص افطار وڈنر کی تقریب سے خطاب

میرپورخاص:۔۔۔13، اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے میرپورخاص کی سیاسی، سماجی، شخصیات، تاجر تنظیموں کے نمائندگان، دانشوروں، الیکٹرونک و پرنٹ میڈیا سے تعلق رکھنے والے صحافیوں، فوٹوگرافرز، کیمرامینز، اورشہر کے معززین کے اعزاز میں ماروی لان میں افطاروڈنر کا اہتمام کیا گیا۔جس میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے رُکن سیدشاکرعلی، یوسف شاہوانی، حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت، سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی، واراکین سندھ تنظیمی کمیٹی، زونل انچارج فریداحمد خان واراکین زونل کمیٹی اور حق پرست MPA فہیم احمد الطافی سمیت شہر کی سیاسی وسماجی شخصیات کے ساتھ ساتھ پیپلز پارٹی کے ممبر قومی اسمبلی پیر آفتاب حُسین شاہ جیلانی، سینٹر ہری رام کشوری لعل، سیدعباس نقوی، سیدصغیرحسین نقوی، وکلاء حضرات جن میں افتخارشاہ ودیگر، چیمبر آف کامرس کے صدر اظہر کریم جیلانی، نائب صدر عبدلمنان خان، ہندو پنچائیت کمیٹی کے رُکن لچھمن داس، رمیش کمار، آل انجمن تاجران میرپورخاص سے حاجی محمد اخلاق، حاجی غلام حُسین شیخ، آفتاب قریشی، سمیت علماء اکرم اور معروف تجارتی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار نے افطاروڈنر سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دیئے گئے نظریہ کی سچائی کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ آج پورے پاکستان میں لوگ جوق درجوق متحدہ قومی موومنٹ میں شامل ہورہے ہیں کیونکہ اب پاکستان کے حق پرست عوام اچھی طرح جان چکے ہیں کہ وہ کون لوگ ہیں جنہوں نے غریب اور مظلوم عوام کو مذہب، عقائد اور لسانیت کی بنیاد پر آپس میں لڑوایا اور اس ملک میں وڈیرانہ، جاگیردارنہ اور کرپٹ موروثی سیاسی سسٹم کو فروغ دے کر اس ملک کے غریب اور مظلوم عوام کا استحصال کیئے رکھا۔جبکہ قائد تحریک الطاف حسین نے اس ملک کے غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے غریب نوجوانوں کو اقتدار کے ایوانوں میں بھیج کر ایک روشن صبح کی بنیاد رکھی۔اس موقع پر رکن رابطہ کمیٹی یوسف شاہوانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک دشمن عناصر ملک کے سلامتی و بقاء کے درپے ہیں اور مختلف سازشوں کے ذریعے ملک کی سلامتی کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں مگر قائد تحریک الطاف حُسین بھائی نے ہمیشہ ایسی سازشوں کو بے نقاب کیا ہے اور تمام مکاتب فکر کے لوگوں کو دعوت دی ہے کہ سب مل کر پارٹی اور زاتی مفادات سے بالاتر ہو کر ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر ایک جان ہو جائیں اور مل کر ملک کی حفاظت کریں۔اس موقع پر اراکین STC رُکن ظفر خان، وحیدخان آفتاب سومرو، فیروز خان، غلام حیدر رراہو اور میرپورخاص زون کے انچارج فرید احمد خان واراکین زونل کمیٹی اور حق پرست MPA فہیم احمد الطافی نے شرکاء سے فرداً فرداً ملاقات کی اور انکی خیریت دریافت کر کے انکی آمد پر انکا شکریہ بھی ادا کیا۔افطار ڈنر کی تقریب سے زونل انچارج فریداحمد خان وحق پرست رکن سندھ اسمبلی فہیم احمد الطافی نے بھی خطاب کیا۔

☆☆☆☆☆